ابو صلت ہروی کہتے ہیں کہ امام علی رضا علیہ السلام لوگوں سے مختلف زبانوں میں گفتگو فرماتے تھے، خدا کی قسم آپ ان لوگوں سے زیادہ فصیح و بلیغ گفتگو کرتے تھے اور ان سے بہتر انکی زبانوں کو جانتے تھے چنانچہ ایک دن امامؑ سے پوچھا "فرزند رسولؐ مجھے تعجب ہوتا ہے کہ آپؑ ان لوگوں کی مختلف زبانیں جانتے ہیں"؟

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: ابو صلت، میں خدا کی مخلوق پر اسکی حجت ہوں اور خداوند عالم کسی قوم کیلیئے ایسی کوئی حجت نہیں بھیجتا جسے اسکی قوم کی زبان کا علم نہ ہو، کیا تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ امیر المومنین علی ابن طالب علیہ السلام کا ارشاد ہے **کہ "ہمیں فصلِ خطاب کا علم عطا کیا گیا ہے"** اور فصل خطاب زبانوں کے علم و معرفت کے علاوہ اور کیا ہے؟

(میزان الحکمت جلد ۱ صفحہ ۳۹۹)